# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 21 ستمبر 2017ء

**این اے 4 پشاور IV ضمنی انتخاب پوسٹل بیلٹ پیپر کے لئے درخواستیں وصول کرنے کے لئے 10 اکتوبر 2017 جبکہ پولنگ ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کے لئے درخواستیں جمع کرانیکی آخری تاریخ 16 اکتوبر 2017 مقرر**

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 4 پشاور IV پر ضمنی انتخاب جو کہ 26 اکتوبر 2017 کو ہو رہا ہے۔ کے لئے ایسے سرکاری ملازمین اور ان کے اہل خانہ جن کے ووٹ اس حلقہ میں رجسٹرڈ ہوں اور وہ اپنے حلقہ سے باہر ملازمت کی وجہ سے مقیم ہوں کے لئے پوسٹل بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے لئے مجوزہ درخواست فارم جمع کرانیکے لئے 10 اکتوبر 2017 کی تاریخ مقرر کی ہے۔ یہ سہولت جیل میں قیدیوں کے لئے بھی ہے۔ جو اس حلقہ میں بطور ووٹر رجسٹرڈ ہوں۔ دریں اثناء ایسے ملازمیں بشمول سیکورٹی اہلکاران جو پولنگ کے ڈیوٹی پر مامور ہوں۔ اور ان کا ووٹ اس حلقہ کی انتخابی فہرست میں درج ہو۔ کے لئے 16 اکتوبر 2017 کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ تمام پریذائیڈنگ افسران، اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران کو بھی ہدایت کی جاتی ہے۔ کہ وہ پوسٹل بیلٹ پیپر کے حصول کے لئے 16 اکتوبر تک درخواستیں جمع کرائیں۔ درخواستیں مجوزہ درخواست فارم متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کے دفتر واقع ملک پلازہ کوہاٹ روڈ سے حاصل کر کے ان کے دفتر میں جمع کئے جاسکتے ہیں۔ یہ درخواستیں محکمہ کے سربراہ کے ذریعے ریٹرننگ آفیسر کو بھجوائے جائینگے۔ جن حضرات کو پوسٹل بیلٹ پیپر جاری کئے جائینگے۔ انہیں پولنگ اسٹیشن کے اندر براہ راست ووٹ نہیں ڈال سکیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆